

# شجرہ شریف و ختم غوثیہ



باجازت

صاحبزادہ سلطان فیاض الحسن سروری قادری

حضرت سلطان باھُو ٹرسٹ



حضرت سلطان باھوؒ ٹرسٹ خدمتِ دین اور خدمتِ انسانیت کا ایک عالمگیر مشن ہے۔ یہ بین الاقوامی ادارہ گذشتہ کئی سالوں سے چار دانگِ عالم میں دعوتی و تبلیغی، تعلیمی و تحقیقی اور فلاحی و رفاہی میدانوں میں سرگرم عمل ہے۔ بحمد اللہ تعالیٰ اس وقت دنیا بھر میں حضرت سلطان باھوؒ ٹرسٹ کے زیرِ اہتمام درجنوں تعلیمی و تربیتی اور سماجی بہبود کے ادارے اہلِ اسلام کی خدمت میں مشغول ہیں۔

ملّتِ اسلامیہ کے نوجوانوں کی تعلیم و تربیت کا موثر اہتمام اور دینِ متین کی تبلیغ و اشاعت (جو ٹرسٹ ھٰذا کے اوّلین مقاصد میں شامل ہے) کے حصول کے لئے تحقیق و اشاعت کا شعبہ قائم کیا گیا۔

### اس اہم شعبہ کے پیشِ نظر اہداف حسبِ ذیل ہیں

- عقائد و اعمال کی اصلاح کے لئے مفید اسلامی لٹریچر کی اشاعت۔
- نسلِ نو کو بنیادی دینی تعلیمات سے آشنا کرنے کے لئے سادہ، آسان فہم اور دلکش کتب کی اشاعت۔
- مفید دینی و اصلاحی کتب سے وسیع تر استفادہ کیلئے ان کے بین الاقوامی زبانوں میں تراجم اور اشاعت۔
- عالمِ اسلام کی عظیم روحانی شخصیت، سلطان العارفین، حضرت سلطان باھوؒ کے قلمی مسوّدات کی دریافت و تحقیق اور مختلف زبانوں میں تدوین و اشاعت۔

## حضرت سُلطان بَاھُو ٹرسٹ

الله

بسم الله الرحمن الرحيم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ

يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ

الأحزاب ٥٦

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

بیشک اللہ اور اُس کے فرشتے
دُرود بھیجتے ہیں اُس غیب بتانے والے (نبیؐ) پر
اے ایمان والو! ان پر دُرود اور خُوب سلام بھیجو۔

کتبہٗ: سیّد خالد ممتاز رضوی

# شجرۂ عالیہ کی زیارت

وَلِلّٰهِ الْعِزَّتِ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنَافِقِيْنَ لَايَعْلَمُوْنَ

اور عزت اللہ کے لیے اور اس کے رسول کے لیے اور سب ایمان والوں کے لیے ہے اور لیکن منافقین نہیں جانتے۔

پاکیزہ قلب اور صدق و اخلاص رکھنے والے انسان کے لیے شجرہ شریف کی زیارت اللہ اور اس کے پیارے حبیب کی محبت میں اضافہ کا سبب بنتی ہے۔ متبرک مقامات کی زیارت سے جب قلب و نگاہ میں اثر پیدا ہو جاتا ہے تو مبارک ناموں سے کیوں نہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے دوستوں کے ناموں کو بھی عزت بخشی ہے۔

## ضروری ہدایات

سلسلہ عالیہ قادریہ سروریہ کے مرید کے لیے ضروری ہے کہ نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج کا پابند ہو۔ مسلک حقہ اہلسنّت و جماعت کے ساتھ تعلق رکھے قرآن مقدس کی بامعنی تلاوت صبح و شام کرے۔ بزرگانِ دین کے حالات و ارشادات کے پڑھنے اور سننے کا ذوق پیدا کرے اور پھر ان کے مطابق زندگی گذارنے کی کوشش کرے، ہر گیارھویں شریف کو حلقہ ذکر اللہ میں شرکت کرے اور اس کو کامیاب

# آداب شیخ اور راہ طریقت

سلسلہ عالیہ سروریہ قادریہ میں میں شیخ کے آداب مندرجہ ذیل ہیں:

۱- مرید کا اپنے شیخ کے بارے میں یہ عقیدہ ہو کہ میرا مقصود و مطلوب میرے شیخ کے ہاتھ پر ہی حاصل ہوگا اور جب کسی دوسرے شیخ کی طرف توجہ کرے گا تو اپنے شیخ سے محروم ہو جائے گا اور باطنی فیض کا دروازہ اس پر بند ہو جائے گا۔

۲- شیخ کے تمام تصرفات پر راضی اور سر تسلیم خم کرے شیخ کی خدمت دامے درمے قدمے سخنے کرے کیونکہ ارادت و محبت کا جوہر خدمت کرنے کے بغیر ظاہر نہیں ہوسکتا اور صداقت و اخلاص کا وزن خدمت کے ترازو کے بغیر معلوم نہیں ہوسکتا۔

۳- تمام کاموں میں شیخ کے اختیار و مرضی کے سامنے اپنی مرضی و اختیار کو ختم کر دے۔

۴- شیخ کے ساتھ مکر و فریب اور دھوکے بازی سے دور رہے اور شیخ جن چیزوں کو ناپسندیدہ جانے خود بھی ان کو ناپسند کرے۔

۵- وقائع (خواب کشف وغیرہ) کی تعبیر پر اطلاع پانے کی خواہش نہ رکھے اگر ان چیزوں کی تعبیر ان پر ظاہر ہو بھی جائے تو اس پر اعتماد نہ رکھے اور جب مکاشفات خواب وغیرہ شیخ کے حضور بیان کر دے تو بغیر مطالبہ کے جواب کا انتظار کرے اگر کسی نے شیخ سے کسی مسئلہ کے بارے سوال کیا تو شیخ کی بارگاہ میں جلدی جواب دینے سے گریز کرے۔

۶- شیخ کی مجلس میں آواز کو پست (آہستہ) رکھے کیونکہ اکابرین کے حضور بلند آواز سے بات کرنا بے ادبی ہے تو ضروری ہے کہ شیخ کے ساتھ سوا

و جواب میں بے تکلفی پیدا نہ کرے کیونکہ اس سے مرید کے دل سے شیخ
کا رعب ختم ہو جاتا ہے جو حجاب کا باعث بنتا ہے۔

۷- شیخ کے ساتھ گفتگو کرنے کے وقت کو پہچانے اور شیخ کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے ادب اور خشوع و خضوع کو مدنظر رکھے اور جب شیخ گفتگو کرنا چاہے اس وقت کرے گفتگو ضرورت سے زیادہ نہ ہو اور جب شیخ جواب دے تو مکمل طور پر متوجہ ہو ورنہ کامیابی سے محروم ہو جائے گا اور جو شیخ سے محروم ہو جائے پھر کامیابی دوسری دفعہ اس کی طرف بہت کم لوٹتی ہے۔

۸- شیخ جن اسرار کو پوشیدہ و مخفی رکھنا چاہتا ہو مرید ان اسرار کو پوشیدہ و مخفی رکھے۔

۹- تمام احوال، واقعات، کشفیات، کرامات جو اللہ تعالیٰ نے عطا کیے ان کو شیخ سے مخفی نہ رکھے۔

۱۰- لوگوں کے سامنے ان کی سمجھ و عقل کے مطابق شیخ کے بارے میں گفتگو کرے ہر بات بیان نہ کرے۔

۱۱- جب شیخ کے بارے میں عقیدہ پختہ ہو جائے تو شیخ کے حضور یہ عرض کرے کہ میں آپ کے حضور اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کرنے کے لیے حاضر ہوا ہوں جب شیخ ان کو قبول کرلے تو اس کے حضور کسی چیز کا مطالبہ نہ کرے بلکہ شیخ کی خدمت کرتا رہے تاکہ شیخ کی بارگاہ میں مکمل قبولیت سے ہم کنار ہو جائے جب شیخ کسی چیز کی تلقین کرے تو اس میں خود کو مشغول و مصروف رکھے اور کسی وسوسہ ڈالنے والے کے وسوسہ کی پرواہ نہ کرے اگرچہ وہ وسوسہ خیر کا ہو۔

۱۲- کسی کے سلام کو شیخ تک پہنچانے کا بوجھ کبھی بھی نہ اٹھائے (بلکہ انشاء اللہ کہے تاکہ سلام کا پہچانا واجب نہ ہو جائے) کیونکہ صوفیاء نے اسے بھی بے ادبی قرار دیا ہے۔

۱۳- مرید اپنی توجہ کو اس جانب رکھے جس کا شیخ ارادہ رکھتا ہو شیخ کی مراد کے سوا ہر چیز سے روگرداں ہو شیخ کے اقوال و افعال، صفات بلکہ ذات شیخ میں فانی ہو کہ فنافی الشیخ (شیخ کی ذات کی محبت میں فنا ہونا) فنا فی اللہ (اللہ کی ذات کی محبت میں فنا ہونا) کے لیے پہلا قدم ہے ؎

فنا اتنا میں ہو جاؤں تیری ذات عالی میں
جو مجھ کو دیکھ لے اس کو تیرا دیدار ہو جائے

۱۴- شیخ کے وضو کی جگہ میں وضو نہ کرے اور نہ ہی تھوکے اور نہ ہی ناک صاف کرے اور نہ ہی شیخ کی موجودگی میں نوافل پڑھے۔

۱۵- شیخ کے حکم کی بغیر توقف اور دیر کرنے کے اور بغیر کسی تاویل کے بجاآوری کرے اور حکم کی تکمیل سے پہلے نہ ہی سکون و استراحت کرے۔

آداب کا یہ نمونہ اجمالاً ہے جس کے تحت بہت سی جزئیات ہیں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہمیں احسن طریقے پر آداب بجالانے کی توفیق عطا فرمائے اور ذوق وشوق اور وجدان الٰہی سے وافر نصیبہ عطا فرمائے۔ (آمین)

# شجرہ شریف

## سلسلہ عالیہ سروریہ قادریہ

### بااجازت پیر طریقت صاحبزادہ سلطان فیاض الحسن سروری قادری
### زیب سجادہ حضرت سلطان باھو قدس سرہ العزیز

یا الٰہی رحم فرما پیارے آقا محمد مصطفےٰ ﷺ کے واسطے
محبوب رب سید کونین شاہ انبیاء کے واسطے

یا اللہ محبت ہو عطا اہل بیت رسول ﷺ کی
مولا علی شیر خدا شاہ مشکل کشا کے واسطے

خواجہ حسن بصری شاہ حبیب عجمی
حضرت داؤد طائی شیخ الاصفیاء کے واسطے

شاہ معروف کرخی سری سقطی حضرت جنید
شیخ شبلی خواجہ عبدالواحد باوفا کے واسطے

حضرت ابوالفرح یوسف طرطوسی شیخ ابوالحسن قرشی
حضرت شیخ سعید مبارک تاج اولیاء کے واسطے

شاہ میراں محی الدین غوث اعظم عبدالقادر جیلانی
جانشین غوث اعظم سید عبدالرزاق پیشوا کے واسطے

سید عبدالجبار سید یحییٰ ولی نجم الدین
عبدالفتح عبدالستار صاحبان رضا کے واسطے

رہنمایاں حق، سید عبدالبقاء، سید عبدالجلیل
شیخ کامل سید عبدالرحمٰن سلطان اولیاء کے واسطے

شیخ کامل پیشوائے طالبان حق سروری قادری
کشتہ عشق رسول سلطان باھو نور الھدیٰ کے واسطے

سلطان ولی، محمد حسین، حافظ محمد اولیاء حق
پیر کامل سلطان اولیاء غلام باھو باوفا کے واسطے

سلطان برخوردار سلطان محمد بخش پیران کامل
حاجی سلطان اللہ بخش قطب عالم کامل راہنما کے واسطے

عاشق مصطفٰے سالار قافلہ حق سلطان محمد حسن
مظہر سلطان باھو سلطان فیاض الحسن باوفا کے واسطے

# شجرۂ طیبہ سلسلۂ سروریہ قادریہ سلطانیہ

❁ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلِیَآءِ اُمَّتِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۝

❁ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ والْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ بِحُرْمَۃِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَخَاتِمِ النَّبِیّٖنَ رَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ مَوْلٰینَا وَنَبِیِّنَا حَضْرَتْ مُحَمَّدٍ مُّصْطَفٰی اَحْمَدِ مُجْتَبٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

❁ اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قُلُوْبَنَا بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ بِحُرْمَۃِ سَیِّدِنَا حَضْرَتْ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَسَدِ اللّٰہِ الْغَالِبِ عَلِیِّ ابْنِ اَبِیْ طَالِب رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

❁ اَللّٰھُمَّ انْصُرْنَا بِحُرْمَۃِ حَضْرَتْ خواجہ حَسَنْ بَصْرِیْ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

❁ اَللّٰھُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ بِحُرْمَۃِ حَضْرَتْ خواجہ حَبِیْبُ الْعَجَمِیْ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

❁ اَللّٰھُمَّ اَجِرْنَا مِنَ الْعَذَابِ الْقَبْرِ بِحُرْمَۃِ حَضْرَتْ خواجہ دَاؤدِ الطَّائِیْ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

❀ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا شَفَاعَتَ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ

بِحُرْمَةِ حَضْرَتْ اِمَامْ مَعْرُوْفِ کَرْخِیْ رحمۃ اللّٰہ تعالیٰ علیہ

❀ اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ لَنَا عَلَی الْاِیْمَانِ بِحُرْمَةِ حَضْرَتْ

خَوَاجَہ شَیْخ عَبْدُ اللّٰہ سِرِّیْ السَّقَطِیْ رحمۃ اللّٰہ تعالیٰ علیہ

❀ اَللّٰھُمَّ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ بِحُرْمَةِ

حَضْرَتْ خَوَاجَہ شَیْخ جُنَیْدِ الْبَغْدَادِیْ رحمۃ اللّٰہ تعالیٰ علیہ

❀ اَللّٰھُمَّ اقْضِ حَاجَاتِنَا بِحُرْمَةِ حَضْرَتْ خَوَاجَہ

اَلشَّیْخ اَبِیْ بَکْرِ شِبْلِیْ رحمۃ اللّٰہ تعالیٰ علیہ

❀ اَللّٰھُمَّ نَجِّنَا مِمَّا نَخَافُ فِی الدِّیْنِ وَ الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَةِ

بِحُرْمَةِ حَضْرَتْ خَوَاجَہ عَبْدُ الْوَاحِدِ الْیَمِیْنِیْ رحمۃ اللّٰہ تعالیٰ علیہ

❀ اَللّٰھُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ بِحُرْمَةِ حَضْرَتْ خَوَاجَہ

اَبِی الْفَرَحْ یُوْسُفْ طَرْطُوْسِیْ رحمۃ اللّٰہ تعالیٰ علیہ

❀ اَللّٰھُمَّ اَجِرْنَا مِنَ الْعَذَابِ الْقَبْرِ بِحُرْمَةِ

حَضْرَتْ خَوَاجَہ اَلشَّیْخ اَبِی الْحَسَنِ الْقَرْشِیْ رحمۃ اللّٰہ تعالیٰ علیہ

❀ اَللّٰھُمَّ اَجِرْنَا مِنَ الْعَذَابِ الْحَشْرِ بِحُرْمَةِ حَضْرَتْ

خَوَاجَہ اَلشَّیْخ سَعِیْد مُبَارَکْ الْمَخْذُوْمِیْ رحمۃ اللّٰہ تعالیٰ علیہ

❀ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَ فِیْ رُوْحِیْ نُوْرًا

وَفِیْ عَیْنِیْ نُوْرًا بِحُرْمَةِ حَضْرَتْ قُطْبِ رَبَّانِیْ
غَوْثِ صَمَدَانِیْ مَحْبُوْبِ سُبْحَانِیْ حَضْرَتْ
پِیْرِ سَیِّدِ الشَّیْخ عَبْدُ الْقَادِرِ الْجِیْلَانِیْ قدس
سرہ العزیز

❁ اَللّٰھُمَّ ثَبِّتْ لَنَا عَلَی الْاِیْمَانِ بِحُرْمَةِ
حَضْرَتْ پِیْرِ سَیِّد عَبْدُ الرَّزَّاق رحمة اللہ تعالیٰ علیہ

❁ اَللّٰھُمَّ اقْضِ حَاجَاتِنَا بِحُرْمَةِ حَضْرَتْ پِیْر
سَیِّدْ عَبْدِ الْجَبَّار رحمة اللہ تعالیٰ علیہ

❁ اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قُلُوْبَنَا بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ بِحُرْمَةِ
حَضْرَتْ شَیْخ مُحَمَّد صَادِق یَحْیٰی رحمة اللہ تعالیٰ علیہ

❁ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ ذُنُوْبَنَا بِحُرْمَةِ حَضْرَتْ شَیْخ
نَجْمُ الدِّیْن بُرْھَان پُوْرِی رحمة اللہ تعالیٰ علیہ

❁ اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عُیُوْبَنَا بِحُرْمَةِ حَضْرَتْ پِیْر
سَیِّدْ عَبْدُ الْفَتَّاح رحمة اللہ تعالیٰ علیہ

❁ اَللّٰھُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا بِحُرْمَةِ حَضْرَتْ
سَیِّدْ عَبْدُ السَّتَّار رحمة اللہ تعالیٰ علیہ

❁ اَللّٰھُمَّ طَھِّرْ قُلُوْبَنَا بِحُرْمَةِ حَضْرَتْ
عَبْدُ الْبَقَآء رحمة اللہ تعالیٰ علیہ

❁ اَللّٰھُمَّ اشْرَحْ صُدُوْرَنَا بِحُرْمَۃِ سَیِّد
عَبْدُ الْجَلِیْل رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

❁ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا شَفَاعَتَ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
بِحُرْمَۃِ سَیِّدِ السَّادَاتِ حَضْرَتْ پِیْر سَیِّد
عَبْدُ الرَّحْمٰن دھلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

❁ اَللّٰھُمَّ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ
الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ بِحُرْمَۃِ سُلْطَانِ
الْعَارِفِیْنَ بُرْھَانِ الْوَاصِلِیْنَ قُدْوَۃِ السَّالِکِیْنَ
فَنَافِی ذَاتِ یَاھُو حَضْرَتْ سَخِیْ سُلْطَانْ بَاھُو
قدس سرّہ العزیز

❁ اَللّٰھُمَّ حَلِّلْ مُشْکِلَاتِنَا بِحُرْمَۃِ حَضْرَتْ
پِیْر سُلْطَانْ وَلِیْ مُحَمَّد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

اَللّٰھُمَّ سَھِّلْ عَلَیْنَا بِحُرْمَۃِ حَضْرَتْ پِیْر
سُلْطَانْ مُحَمَّد حسین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

❁ اَللّٰھُمَّ یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ اِقْضِ حَاجَاتِنَا
بِحُرْمَۃِ زُبْدَۃِ الْعَارِفِیْنَ حَضْرَتْ پِیْر سُلْطَانْ
حَافِظْ مُحَمَّد رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

❁ اَللّٰھُمَّ یَسِّرْ اُمُوْرَنَا وَحَصِّلْ مُرَادَنَا بِحُرْمَةِ سُلْطَانِ الْاَوْلِیَاءِ وَالْکَامِلِیْنَ قُدْوَةِ السَّالِکِیْنَ قُطْبِ دَوْرَانْ پِیرحَضْرَتْ سُلْطَانْ غُلَام بَاھُو قدس سرہ العزیز

❁ اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قُلُوْبَنَا بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ بِحُرْمَةِ حَضْرَتْ پِیرسُلْطَان بَرْخُوْرْدَار رحمة اللہ علیہ

❁ اَللّٰھُمَّ اقْضِ حَاجَاتِنَا بِحُرْمَةِ حَضْرَتْ پِیرْ مُحَمَّد بَخْش رحمة اللہ تعالیٰ علیہ

❁ اَللّٰھُمَّ اشْرَحْ لِیْ صُدُوْرَنَا بِحُرْمَةِ زُبْدَةِ الْعَارِفِیْنَ حَاجِی الْحَرَمَیْنِ حضرت پیرسُلْطَان اللہ بخش رحمة اللہ تعالیٰ علیہ

❁ اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عُیُوْبَنَا بِحُرْمَةِ مَحْبُوْبِ الطَّالِبِیْنَ وَسُرُوْرِ الْعَاشِقِیْنَ قُطْبِ دَوْرَانْ حَضْرَتْ پِیرسُلْطَان مُحَمَّد حَسَن قدس سرہ العزیز

❁ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا حُبَّکَ وَحُبَّ حَبِیْبِکَ بِحُرْمَةِ قِبْلَہ وَکعبہ پِیرِطَرِیْقَتْ رَھبرِ شریعت حَضْرَتْ صَاحِبزادہ سُلْطَانْ فَیَاضُ الْحَسَنْ دامت برکاتھم العالیہ

# ترکیب ختم غوثیہ

۱- درود شریف ۱۱ مرتبہ

۲- الحمد شریف ۱۱ مرتبہ

۳- سُبْحَانَ اللّٰہ وَالْحَمْدُلِلّٰہِ وَلاَ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبر وَلاَحَوْلَ وَلاَقُوَّۃَ
اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم ۱۱۱ مرتبہ

۴- سُوْرَہ اَلَمْ نَشْرَح ۱۱ مرتبہ

۵- یَا بَاقِیُ اَنْتَ الْبَاقِیُ
یَا کَافِیُ اَنْتَ الْکَافِیُ
یَا شَافِیُ اَنْتَ الْشَافِیُ
یَامَعَافِیُ اَنْتَ الْمَعَافِیُ
یَاھَادِیُ اَنْتَ الْھَادِیُ

۶- قصیدہ غوثیہ ۷ مرتبہ

۷- امداد کن امداد کن از رنج وغم آزاد کن
در دین و دنیا شاد کن یا غوثِ اعظم دستگیر

۸- دُرود شریف ۱۱ مرتبہ

۹- اس کے بعد کلمہ شریف اور اللہ ہو کا ذکر کیا جائے۔

بعدہٗ نعت خوانی وصلوٰۃ وسلام اور ایصالِ ثواب کے لیے دُعا مانگی جائے۔